بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
ABC Certified
روزنامہ
# گلدستہ بہار کوئٹہ
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی

ایڈیٹرانچیف ایم۔ندیم قلندرانی نے دفتر روزنامہ گلدستہ بہار قمبرانی روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

## یونانی پیٹریاٹ ایئر ڈیفنس سسٹم

سعودی عرب کے وسیع ترینبع کے علاقے میں یونانی فوجی اہلکاروں کے زیر استعمال فضائی دفاعی نظام نے ڈرونز کے ایک گروپ کو روک لیا۔ یہ علاقہ سعودی عرب کی اہم تیل صاف کرنے والی تنصیبات کے باعث انتہائی حساس سمجھا جاتا ہے۔خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق یونانی سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ سعودی عرب میں تعینات یونانی فوجی اہلکاروں نے جمعرات کو ڈرونز کے ایک جھنڈ کے خلاف کارروائی کی۔ذرائع کے مطابق ڈرونز کو روکنے کی کارروائی سعودی فضائی دفاعی نظام کے ساتھ رابطے اور تعاون کے ذریعے کی گئی۔ یونانی فوج کے زیر استعمال پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام نے ڈرونز کو نشانہ بنانے کے لیے تین میزائل فائر کیے۔یونانی سکیورٹی ذرائع نے یہ نہیں بتایا کہ حملے میں مجموعی طور پر کتنے ڈرونز شامل تھے اور ان میں سے کتنے ڈرونز مار گرائے گئے۔ڈرونز کی اصل یا انہیں کس فریق نے لانچ کیا، اس بارے میں بھی فوری طور پر کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔ینبع سعودی عرب کا ایک اہم ساحلی علاقہ ہے اور یہاں تیل صاف کرنے کی بڑی تنصیبات موجود ہیں۔اسی وجہ سے علاقے میں کسی بھی ڈرون یا میزائل حملے کو سعودی عرب کی توانائی کی تنصیبات اور عالمی تیل کی سپلائی کے حوالے سے انتہائی حساس سمجھا جاتا ہے۔پیٹریاٹ ایک جدید زمین سے فضا میں مار کرنے والا فضائی دفاعی نظام ہے، جسے میزائلوں اور بعض دیگر فضائی خطرات کے خلاف دفاع کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔اس نظام کو سعودی فضائی دفاع کے ساتھ مربوط کر کے ڈرونز کے خلاف کارروائی کی گئی۔حالیہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب مشرق وسطی میں ڈرون اور میزائل حملوں کے خدشات کے باعث خلیجی ممالک میں اہم فوجی اور توانائی کی تنصیبات کی سکیورٹی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

بقیہ 1

جبکہ گھریلو صارفین کو دن میں تین مرتبہ گیس فراہم کی جا رہی ہے۔علی پرویز ملک نے ایس ایس جی سی ایل بورڈ کو ادارے کی پائیداری مضبوط بنانے اور انتظامی چیلنجز دور کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بورڈ آپریشنل کارکردگی، ریونیو ریکوری اور

بقیہ 4

ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا۔اجلاس میں ڈی جی ایف آئی اے، ڈائریکٹر ایف آئی اے زونل آفس لاہور اور تمام سرکل انچارجز نے شرکت کی۔

کے سیکرٹری کے اضافی عہدے کا چارج سنبھالنے کی منظوری دے دی گئی

